

روشن کل

# مضبوط سفید پھول
# وزن بھی خوب
# ہائبرڈ پھول گوبھی
# CFH-1522

CFH-1522

syngenta

ہم بیج نہیں امید بوتے ہیں

TM

## سِنجینٹا پاکستان لمیٹڈ


**کراچی**

15th فلور، التجارہ سینٹر، 1-32 اے، بلاک 6،
پی ای سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ 75400
فون: 38677200 (021)
فیکس: 38677220 (021)

**حیدرآباد**

پلاٹ نمبر اے-24-اے-1، سائٹ ایریا، حیدرآباد۔
فون: 022-3885046

**رحیم یار خان ویئر ہاؤس**

گری کنال، وحی شاہ محمد
نزد پرائم سیڈز، رحیم یار خان
فون: 0316-6888285، 0316-6888284
0316-6888286

**مُلتان**

موضع کوٹلہ ابوالفتح، نزد انڈسٹریل اسٹیٹ آف بائی پاس روڈ، ملتان۔
فون: 6539638 / 6537073 / 9 - 6539658 (061)
فیکس: 6539660 (061)

**لاہور**

پلاٹ نمبر 13 سُندر انڈسٹریل اسٹیٹ
سُندر رائیونڈ روڈ، لاہور
فون: 35297707/35297706 (042)
35297709/35297708

**ساہیوال**

۸ کے ایم ملتان روڈ، ساہیوال
فون: 5002736 / 5002727 / 5002726 (040)
فیکس: 4225362 (040)


Toll Free: **080023567**

SyngentaSeeds
SyngentaPakistan
pk.info@syngenta.com


Cropwise
Grower

سنجینٹا کے تمام بیج نیا سویرا اور
منتخب ڈیلرز کے پاس دستیاب ھیں

نیا سویرا™




**نوٹ:** کمپنی صرف بیج کے اگاؤ اور خالص پن کی ضمانت دیتی ہے۔ پیداوار کا انحصار بہت سارے قدرتی عوامل پر منحصر ہوتا ہے۔ جس کے لیے کمپنی ذمہ دار نہیں۔


- ® Syngenta Participations AG Basel, Switzerland
- © 2023 Syngenta

Creative Rhythms



یہ کتابچہ/مواد پہلے سے موجود تمام پروڈکٹ بروشرز/لٹریچر کی جگہ لے گا۔

# ہائبرڈ پھول گوبھی
# CFH-1522



## خصوصیات

- کریمی سفید، خوبصورت اور انتہائی گھونڈے ہوئے پھول۔
- پھل کا اوسط وزن 950 تا 1250 گرام۔
- 60 سے 65 دن میں برداشت کے لیے تیار (موسمی حالات کی وجہ سے دنوں میں کمی بیشی ہو سکتی ہے)۔
- روایتی اقسام کے مقابلہ میں زیادہ پیداواری صلاحیت اور زیادہ قابل فروخت پھول کا حصول۔
- 4-5 چنائیوں میں فصل کی مکمل برداشت۔




## بہترین ہارویسٹ انڈکس:

روائتی بیج کے مقابلے میں دوگنا زیادہ کامیاب پھول بنانے کی صلاحیت۔

## وقت کاشت:

**موسمی کاشت کے لیے:**

| | |
|---|---|
| پنجاب | آخر جون تا اگست پہلا ہفتہ |
| کے پی کے | اوائل جون تا آخر جولائی |
| سندھ | جولائی |

**اگیتی کاشت کے لیے:**

| | |
|---|---|
| پنجاب | وسط فروری سے مارچ کے وسط تک |
| سندھ | وسط فروری سے مارچ کے وسط تک |


**پودوں کی تعداد:** 18000 سے 20000 صحت مند پودے فی ایکڑ


**شرح بیج:** 140 تا 150 گرام فی ایکڑ، 14 سے 15 پیک

## طریقہ کاشت:

پھول گوبھی کی کاشت کے لیے براہ راست بجائی کا طریقہ بھی مشتمل ہے، لیکن گوبھی کی کاشت بذریعہ پنیری سے زیادہ بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ پنیری کی کاشت بیڈز یا نرسری ٹریز میں کی جا سکتی ہے۔ جس کے مندرجہ ذیل فوائد ہیں:

- بیج کی کم مقدار استعمال ہوتی ہے۔
- بیج کا بہتر اگاؤ کی وجہ سے 90% سے زیادہ جرمینیشن۔
- ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی آسان۔
- بیک وقت ایک جیسے صحت مند پودوں کا حصول۔
- سپرنکلر ایریگیشن کی وجہ سے پانی کا کم استعمال۔
- ڈائریکٹ بجائی کے مقابلے میں نرسری لگانے کا 3 گنا کم خرچہ۔





## پنیری کی کاشت کا طریقہ اور دیکھ بھال

- زرخیز زمین کا انتخاب کریں۔
- زمین کی تیاری کے بعد 6 انچ اونچا 1 میٹر چوڑا اور 3 میٹر لمبا بیڈ تیار کریں۔
- 1 ایکڑ کے لیے 10 سے 12 بیڈز کی ضرورت ہو گی۔
- پنیری کی کاشت کیلئے لائن سے لائن کا فاصلہ 8 تا 10 سینٹی میٹر جبکہ بیج سے بیج کا فاصلہ 3 تا 4 سینٹی میٹر رکھیں۔
- اگاؤ تک صبح شام فوارے سے پانی لگائیں۔
- بیج لگانے کے بعد پرالی یا پٹ سن کی بوری سے ڈھانپ دیں اور جب اگاؤ مکمل ہو جائے تو ہٹا دیں۔
- پنیری کو کھاد کا چھٹہ دینے سے گریز کریں۔
- پنیری کو سخت گرمی اور دھوپ سے بچانے کے لیے گرین شیٹ (50%) کا استعمال کریں۔
- پنیری منتقل کرنے سے 3 دن پہلے 2 گھنٹے صبح اور 2 گھنٹے شام کو دھوپ لگوائیں اور پانی کا استعمال بتدریج کم کر دیں۔

## پنیری کی منتقلی

- نرسری بجائی کے 20 سے 25 دن کے اندر یا 4 سے 6 پتوں کی حالت پر منتقل کریں۔
- منتقلی کرتے وقت یہ خیال رکھیں کہ زمین میں پودے کی جڑیں سیدھی ہوں۔
- پنیری کو منتقلی کے دوران نمدار جگہ اور سائے میں رکھیں۔
- کھیت میں پودے سے پودے کا فاصلہ 1 سے 1.5 فٹ جبکہ لائن سے لائن کا فاصلہ 2 سے 2.5 فٹ رکھیں۔

## کھادوں کا استعمال فی ایکڑ

اگیتی قسم کی گوبھی کے لیے بروقت کھادوں کا استعمال انتہائی ضروری ہے۔ اس سلسلہ میں CFH-1522 کے لیے مندرجہ ذیل سفارشات کو مدنظر رکھیں۔

| وقت استعمال | فاسفورس | پوٹاش | نائٹروجن |
|---|---|---|---|
| زمین کی تیاری کے وقت | 1 سے 1.5 بوری DAP | 1 بوری SOP | 1/2 بوری یوریا |
| پنیری منتقلی کے 10 دن بعد | - | 1/2 بوری SOP | 1/2 بوری یوریا |
| پنیری منتقلی کے 20 دن بعد | - | 1/2 بوری SOP | 1 بوری نائٹروفاس |
| پنیری منتقلی کے 30 دن بعد | - | - | 1 بوری یوریا |

(پنیری منتقلی کے (40-35) دن کے بعد بوران کا استعمال فصل کے لیے انتہائی مفید ہے)

**یاد رکھیں!** کھادوں کے استعمال میں 30-20-10 دن کی سفارشات پر عمل کریں اور بہترین نتائج حاصل کریں۔

* نوٹ: زمین کی ساخت، زرخیزی اور فصل کی حالت کو مد نظر رکھتے ہوئے کھاد کی مقدار کم یا زیادہ کی جا سکتی ہے



نام: محمد یونس
پتہ: 29 ضلع پاک پتن

مجھے گوبھی لگاتے ہوئے 25 سے 30 سال ہو گئے ہیں۔ پہلے میں دیسی گوبھی لگاتا تھا جو زیادہ عرصہ میں تیار ہوتی تھی اور اسکے پھول جھاڑی نما بن جاتے تھے۔ موسم کے اثرات کو دیکھتے ہوئے سنجینٹا کی CFH-1522 کے بارے میں پتا چلا۔ میں نے دیسی اور CFH-1522 دونوں ایک ہی دن کاشت کیے۔ دیسی کو ایک کنال پہ لگایا اور CFH-1522 کو چار کنال پر ۔اس ایک کنال سے اب تک بمشکل 10% چنائی ہو سکی اور 1522 10% کھڑی ہے۔ CFH-1522 کا پھول انتہائی گوندھا ہوا ہے۔ جس کو گاہک بہت پسند کرتا ہے۔ اور اس کا وزن بھی بہت اچھا ہے اور موسمی اثرات کی تبدیلی کے لحاظ سے درجہ حرارت پچھلے سال کی نسبت کافی بڑھا ہے۔ اس کی وجہ سے ہمارا کوئی دیسی بیج بہتر کارگردگی نہ کر سکا ان حالات میں سب سے بہتر سنجینٹا کا CFH-1522 رہا۔



نام: محمد اشفاق
پتہ: چک نمبر 29 ایس پی ضلع پاک پتن

میں تقریباً 4 سے 5 سال سے دیسی گوبھی لگا رہا ہوں۔ اس مرتبہ ہم نے سنجینٹا کا CFH-1522 لگایا یہ گرمی برداشت کرتا ہے۔ اور اسکا ہر پودہ تیار اور منڈی میں لے جانے کے قابل ہوتا ہے۔ اسکا پھول بھی گوندھا ہوا ہے اور یہ 3 سے 4 چنائیوں میں ختم ہو جاتی ہے۔ اس کو منڈی مین بیچ کر اگلی فصل جلد لگا سکتے ہیں۔ ہم نے دیسی ورائٹی بھی لگائی اور وہ ابھی تک 90% تک کھڑی ہے اور CFH-1522 ہم نے 90% چنائی کر لی ہے۔ سنجینٹا کا CFH-1522 بیج لگاؤ اور ہماری طرح بہتر منافع کماؤ۔

CFH-1522

syngenta